رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

بسم اللہ الرحمن الرحیم

جلد ۲ | ۲۳ شہادت ۱۳۲۷ ہش | ۱۲ جمادی الثانی ۱۳۶۷ھ | ۲۳ اپریل ۱۹۴۸ء | نمبر ۹۰

شرح چندہ

سالانہ	۱۲ روپے
ششماہی	۱۱ روپے
سہ ماہی	۶ روپے
ماہوار	۲½ روپے

قیمت

فی پرچہ :- ۱ر

اخبار احمدیہ

لاہور ۲۲ ماہ شہادت - سیدنا حضرت امیر المؤمنین خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے متعلق اطلاع مظہر ہے کہ حضور کی طبیعت بخار اور دردِ گردہ کی وجہ سے تاحال ناساز ہے احباب حضور کی صحت کیلئے بالالتزام دُعا فرماتے رہیں۔

حضرت اُمّ المومنین مدظلہا العالی کی طبیعت گلے میں خراش اور نزلہ کی وجہ سے ناساز ہے۔ احباب حضرت ممدوحہ کی صحت کے لئے دُعا فرمائیں۔

سلامتی کونسل میں کشمیر کے متعلق نئی قرارداد منظور ہوگئی -!

کنٹرول جاری رہنے کی خبر بے بنیاد ہے

لاہور ۲۲ اپریل۔ حکومت مغربی پنجاب کیطرف سے ایک پریس نوٹ میں اس خبر کی تردید کی گئی ہے کہ حکومت نے کنٹرول ہٹانے اور سول سپلائز کا محکمہ توڑنے کے متعلق جو اعلان کیا تھا۔ اب وہ اس سے پھر گئی ہے اور یہ کہ کنٹرول کو بدستور جاری رکھنا چاہتی ہے۔ اصل بات یہ ہے کہ جو حکومت نے اس فیصلہ پر فی الحال عملدرآمد ملتوی کر دیا ہے کیونکہ مرکزی حکومت نے ۲۶، ۲۷ اپریل کو اقتصادی کنٹرول پر غور کرنے کے لئے ایک اہم کانفرنس بلائی ہے جو ان معاملات پر از سرِ نو غور کرے گی۔

مسٹر چندریگر افغانستان میں سفیر مقرر کر دیئے گئے!

کراچی ۲۲ اپریل۔ وزارتِ خارجہ پاکستان کا ایک اعلان مظہر ہے کہ مسٹر اسماعیل ابراہیم چندریگر وزیر تجارت کو افغانستان میں پاکستان کا سفیر مقرر کیا گیا ہے۔ آپ کی عمر اس وقت پچاس سال ہے۔ آپ احمد آباد کے رہنے والے ہیں۔ ۱۹۴۳ء سے ۱۹۴۶ء تک آپ بمبئی مسلم لیگ کے صدر رہے اور اس کے بعد غیر تقسیم شدہ ہندوستان کی عبوری حکومت میں لیگ کی طرف سے وزیر مقرر ہوئے۔

اکھنور کے قریب شدید لڑائی

تراڑکھل ۲۲ اپریل۔ حکومت آزاد کشمیر کا ایک اعلان مظہر ہے کہ اکھنور کے مورچے پر آزاد فوجوں اور ہندوستانی سپاہیوں کے درمیان سخت جھڑپ ہوئی جس میں تیس ہندوستانی فوجی مارے گئے۔ نوشہرہ میں بھی دشمن کے ایک گشتی دستہ کو پیچھے دھکیل دیا گیا۔ راجوری کے علاقہ میں آزاد فوجوں کی پیشقدمی بدستور جاری ہے اور ہندوستانی سپاہی برابر پیچھے ہٹ رہے ہیں۔

سلامتی کونسل کا کمیشن عنقریب کشمیر آنے والا ہے

لیک سکسیس ۲۲ اپریل۔ کل رات اتحادی قوموں کی سلامتی کونسل نے کشمیر کے متعلق چھ قوموں کے تیار کردہ ہوئے ریزولیوشن کو منظور کر دیا۔ کونسل میں ریزولیوشن کے تمام نکات پر علیحدہ علیحدہ ووٹ لئے گئے۔ روس اور یوکرائن نے حصہ نہیں لیا۔ کل رات کونسل کا پھر اجلاس ہوگا جس میں کشمیر کمیٹی کے لئے پانچ ممبران کی نامزدگی عمل میں لائی جائے گی۔ ابتداء میں کمیشن کے ممبروں کی تعداد تین مقرر کی گئی تھی۔ (باقی صفحہ ۸ پر)

اس نازک وقت میں ہڑتال کرنا پاکستان کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے کے مترادف ہے

لاہور ۲۲ اپریل۔ حکومتِ پاکستان کے وزیر مواصلات سردار عبدالرب نشتر نے لاہور سٹیشن پر ریلوے ملازمین کے ایک مجمع عظیم میں تقریر کرتے ہوئے انہیں متنبہ کیا کہ ہڑتالوں کی وجہ سے قوم اور ملک کو جو نقصان پہنچے گا خود ریلوے ملازمین پر بھی اس کا بُرا اثر پڑے گا۔

آپ نے مزید فرمایا — اقتصادی اُلجھنیں ہڑتالوں سے حل نہیں ہو سکتیں اس نازک وقت میں ہڑتالیں کرنا پاکستان کی جڑوں کو کھوکھلا کرنے کے مترادف ہے۔ آپ نے ریلوے ملازمین کو نصیحت کی کہ وہ مشکلات دُور کرنے میں حکومت کا ہاتھ بٹائیں کہ حالات پر قابو پانے کا یہی صحیح طریق ہے۔ اور اسی طریق پر عمل پیرا ہونے کے ساتھ ہی ان کی اپنی مشکلات بھی دُور ہو سکتی ہیں اور وہ امن و چین کی زندگی بسر کر سکتے ہیں۔

صوبہ سرحد کے نئے وزیر تعلیم

پشاور ۲۲ اپریل۔ آج سرحد کے تیسرے وزیر میاں جعفر شاہ نے صوبہ سرحد کے گورنر سر جارج کننگھم کی موجودگی میں حلفِ وفاداری اُٹھایا۔ آپ کے سپرد تعلیم کا محکمہ کیا گیا ہے۔ چوتھے وزیر کا تقرر تاحال زیر غور ہے۔

مصر میں اُردو پڑھانے کے باقاعدہ ادارے قائم ہو چکے ہیں

لاہور میں یوم اقبال کا دوسرا دن!

لاہور — اپنے نامہ نگار سے — ۲۲ اپریل

آج پنجاب مسلم سٹوڈنٹس فیڈریشن کے زیرِ اہتمام یوم اقبال کے پروگرام کی دوسری نشست مدار المہام مصر خطیب الحسینی کی صدارت میں یونیورسٹی ہال میں شام کے ساڑھے چار بجے منعقد ہوئی۔ السید خطیب الحسینی صاحب نے صدارتی تقریر کرتے ہوئے فرمایا۔ اہل مصر اقبال کے کلام کے دیرینہ شیدائی ہیں۔ اُن کے کلام کے بعض حصوں کے عربی زبان میں ترجمے بھی ہو چکے ہیں۔ مدار المہام مصر نے فرمایا۔ اقبال کی مساعی جمیلہ پاکستان کے لئے عین اُس وقت (باقی صفحہ ۸ پر)

برِ اعظم ایشیا جنگ کی لپیٹ میں

چوہدری غلام عباس کا بیان

لاہور — اپنے نامہ نگار سے — ۲۲ اپریل

جموں و کشمیر مسلم کانفرنس کے صدر اور آزاد کشمیر گورنمنٹ کے سربراہ چوہدری غلام عباس نے سلامتی کونسل میں چھ قوموں کی طرف سے مسئلہ کشمیر سے متعلقہ قرارداد پر تبصرہ کرتے ہوئے کہا۔ اگر ہندو سامراجی ریاست کشمیر کو ہندوستان یونین میں شامل (باقی صفحہ ۸ پر)

فلسطین میں روسی سپاہی یہودیوں کے دوش بدوش لڑ رہے ہیں

دمشق ۲۲ اپریل۔ اعراب فلسطین کے فوجی ہیڈکوارٹرز نے اعلان کیا ہے کہ یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچ چکی ہے کہ ہگانہ نامی فوج میں روسی سپاہی یہودیوں کے دوش بدوش لڑ رہے ہیں۔ اور عربوں کو شدید نقصان پہنچا رہے ہیں۔

ایڈیٹر۔ روشن دین تنویر بی۔ اے۔ ایل ایل بی

پرنٹر و پبلشر عبدالحمید بی۔ اے۔ ایل ایل بی نے گیلانی الیکٹرک پریس ہسپتال روڈ لاہور میں چھپوا کر ۳۔ میکلیگن روڈ سے شائع کیا۔

روزنامہ الفضل لاہور

۲۳ ؍ اپریل ۱۹۴۸ء

ناجائز قبضے

وزیر مالیات سردار شوکت حیات خان نے اپنی ایک پریس کانفرنس میں بتایا ہے کہ غیر مسلموں کی متروکہ جائداد پر بہت سے مقامی مہاجر اور کئی ایسے لوگ قابض ہیں۔ جن کو کوئی استحقاق حاصل نہیں۔ اس میں کوئی شبہ نہیں۔ کہ شروع شروع میں جب غیر مسلم مغربی پنجاب سے نکلے۔ تو بہت سے مقامی لوگوں نے جائدادوں کو خالی دیکھکر ان پر ناجائز قبضہ کر لیا۔ اور نہ صرف منقولہ جائداد ہی اڑا لے گئے۔ اور خرد برد کر لی: بلکہ غیر منقولہ جائداد بھی اپنے تصرف میں لے آئے۔

علاوہ ازیں مشرقی پنجاب سے آنے والوں میں سے جو لوگ پہلے یہاں پہنچ گئے۔ اور جن کا کوئی اثر و رسوخ یہاں تھا۔ انہوں نے بھی مقامی لوگوں کا سا وطیرہ اختیار کیا۔ ان میں سے جو ہوشیار تھے۔ انہوں نے اپنی ضرورت سے زیادہ جائداد پر قبضہ کر لیا۔ بعض وقت تو ایک ایک شخص نے تین تین چار چار بلکہ اس سے بھی زیادہ مکانوں کو دبا لیا۔ اور ہر ایک مکان پر قبضہ جمانے کے لئے اپنے خاندان کے مختلف افراد کو مختلف مکانوں میں رکھا۔ جو اس طرح نہ کر سکے۔ انہوں نے اور نہیں تو یہ طریقہ اختیار کیا۔ کہ پہلے ایک مکان لیا۔ اس کے ساز و سامان پر ہاتھ صاف کیا۔ اور پھر اس کو چھوڑ کر کوئی اور مکان لے لیا۔ اس کا سباب ہضم کر کے پھر تیسرا اور پھر چوتھا بعض دفعہ ہوشیار لوگوں نے تو اس کو پیشہ ہی سمجھ لیا اور جب ایک شہر سے ناقابل برداشت حد تک غارت کر چکے۔ تو پھر دوسرے شہر میں چلے گئے اس طرح کئی شہروں میں گھومتے پھرے۔ یہ تو مکانوں کا قصہ ہے۔ اراضی کے متعلق بھی چالاک پناہ گزینوں نے کئی قسم کی فریب بازی سے کام لیا۔ کئی کئی جگہ پر مختلف ناموں سے اراضی حاصل کر لی۔ خاصکر وہ پناہ گزین جن کے پاس کچھ زر نقد تھا۔ اور رشوت دے سکتے تھے۔ انہوں نے لوکل پٹواریوں اور محکمہ مال کے دوسرے افسروں سے ملکر اپنے حق سے بہت زیادہ اراضیات اپنے قبضہ میں کر لیں۔

بعض صورتوں میں مقامی لوگوں اور پناہ گزینوں نے ملکر خوب ہاتھ رنگے۔ مقامی لوگوں سے بھی زیادہ لوٹ مار ان لوگوں نے کی۔ جو کسی قسم کا اثر و رسوخ رکھتے تھے۔ شہروں میں جو لوگ عوامی تحریکوں میں پیش پیش تھے۔ یا پولیس اور کچہری سے تعلق رکھتے تھے۔ یا کسی اور سرکاری محکمہ میں ملازم تھے۔ دیہاتی جائداد پٹواریوں۔ نمبرداروں، سفید پوش قسم کے لوگوں کے ہتھے چڑھی۔

اس تمام نفسا نفسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ آنے والوں میں سے جو لوگ شریف الطبع تھے۔ اور کوئی اثر و رسوخ نہ رکھتے تھے۔ یا دیر کے بعد آئے۔ ان کو جائداد تو کیا رہائش کے لئے بھی سخت مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑا۔ اور اب تک یہ حال ہے۔ کہ تقریباً دس لاکھ نفوس بے کاری اور کہیں سمائی نہ ہونے کی وجہ سے کیمپوں میں پڑے ہوئے ہیں۔ جن کے لئے انتظام کرنا حکومت کو سخت مشکل ہو گیا ہے۔ حالانکہ غیر مسلموں نے جو مکانات اور اراضی وغیرہ یہاں چھوڑی ہے۔ اگر کسی نظام کے ساتھ آنے والوں میں اس کو تقسیم کیا جاتا تو یقیناً تمام لوگوں کو آباد کر کے بھی باقی بچ رہتی تھی۔ بے شک بدنظمی کا الزام بہت حد تک حکومت کے ارباب حل و عقد پر بھی آتا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے۔ کہ جس طرح یہ انتقال آبادی ہوا۔ وہ ایک بے پناہ طوفان تھا۔ جس کو سنبھالنا بڑی سے بڑی سلطنت کے لئے بھی ناممکن نہیں تو محال ضرور تھا۔ افسوس یہ ہے کہ جن کو ہم ارباب حکومت کہتے ہیں۔ ان میں سے اکثریت خود ان کمزوریوں کی حامل ہے۔ جو حریص اور طامع لوگوں نے ان غیر معمولی حالات میں دکھائیں۔ اور زیادہ بدعنوانیاں انہیں افراد کی وجہ سے ہوئیں۔ یا انہی افراد نے کیں۔ جن کا کام ان بدعنوانیوں کی روک تھام تھا۔ بڑے بڑے معتبر افسروں نے ایسی ایسی حرکات کیں۔ جو کسی طرح ان کو زیبا نہ تھیں خاصکر اس لئے کہ وہ صاحب اختیار تھے ان کا فرض تھا کہ عدل و انصاف سے صرف مستحقین کے مفاد کا خیال رکھتے۔

سردار شوکت حیات نے پریس کانفرنس میں جو اقدام لینے کا ارادہ ظاہر کیا ہے۔ یہ ارادہ واقعی بڑا مبارک ہے۔ لیکن یہ اسی وقت مبارک کہلا سکتا ہے۔ اگر اسکو فرض منصبی سمجھ کر سر انجام دیا جائے۔ اور انصاف و عدل کی روح سے کام لیا جائے۔ ہماری غرض یہ نہیں ہونی چاہیئے۔ کہ نکتہ چینیوں کے اعتراضات سے بچنے کے لئے دکھاوے کے طور پر دفتری کارروائیوں کی چمک دمک سے دنیا کی آنکھوں میں خاک جھونک دیں۔ جو افسر اس کام پر لگائے جائیں آزمودہ کار اور دیانتدار ہونے چاہئیں۔ جو دوسروں کا محاسبہ کرنے سے پہلے اپنے ضمیروں کا حساب کتاب بے باق کر چکے ہوں۔

ہمیں امید ہے کہ اگر اس امر کی احتیاط کی گئی۔ تو وہ دس لاکھ نفوس جو کیمپوں میں پڑے سڑ رہے ہیں بہت جلد کہیں سما جائینگے۔ اور پاکستان کے قابل فخر کار آمد شہری بن جائینگے۔

بُت

حکومت مشرقی پنجاب کے وزیر اعظم ڈاکٹر گوپی چند بھارگو نے حکومت مغربی پنجاب سے مطالبہ کیا ہے۔ کہ لاہور میں جو لالہ لاجپت رائے اور گنگارام کے بت نصب تھے۔ اور جن کو حکومت مغربی پنجاب نے مال روڈ سے اٹھا کر عجائب گھر میں رکھ دیا ہے۔ ان کو مشرقی پنجاب بھیجدیا جائے سنا جاتا ہے کہ حکومت مغربی پنجاب نے اس مطالبہ کو نامنظور کر دیا ہے۔ ہماری دانست میں بہتر ہے کہ ان بتوں کو مشرقی پنجاب کی حکومت کو دے دیا جائے۔ اگرچہ یہ درست ہے کہ مشرقی پنجاب کی حکومت نے نہروں وغیرہ کے معاملات میں نہائت کج ادائی سے کام لیا ہے۔ اور یہ بھی درست ہے کہ حکومت مذکور کا عام سلوک مستحسن نہیں ہے لیکن اس لحاظ سے کہ یہ بت پاکستان کے کسی مصرف کے نہیں انہیں دے ڈالنے میں کوئی نقصان نہیں۔ نیز اس معمولی سے معاملہ کے لئے الجھاؤ میں رنجش کی ایک اور گرہ ڈالنی کسی طرح مناسب نہیں۔

آتش باز اور آتشبازی

حکومت برطانیہ نے فلسطین میں مقیم برطانوی باشندوں کو ہدایت کی ہے۔ کہ وہ جلد از جلد فلسطین سے نکل آئیں۔ کیونکہ ۱۵ ؍ مئی کے بعد جب برطانیہ اقتدار اٹھا لے گا۔ تو برطانوی باشندوں کی زندگی مخدوش ہو جائیگی۔ اس خبر میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ طبریس میں ہگانہ فوجی دستے عربوں سے شہر کو خالی کرا کر ایک آزاد یہودی ریاست کے قیام کا اعلان کر رہے ہیں۔ ہگانہ کے کمانڈر کا بیان ہے کہ برطانوی فوجیں شہر یہودیوں کے حوالے کر گئی ہیں۔ ایسے حالات میں واقعی برطانوی باشندوں کا فلسطین میں رہنا حفاظت کے اصول کے خلاف ہے قاعدہ ہے کہ تمام آتش باز آتشبازی کو آگ لگا کر دور جا کر کھڑے ہو جایا کرتے ہیں۔ ورنہ خود ان کو جل جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔

کھڈیوں کا بنا ہوا کپڑا

ہم نے ان کالموں میں پہلے بھی اہالیٔ پاکستان کی توجہ اس امر کی طرف دلائی تھی۔ کہ ہمیں کھدر کا زیادہ سے زیادہ استعمال کرنا چاہیئے۔ میاں ممتاز دولتانہ نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے۔ کہ

"عوام کو کافی کپڑا صرف اسی صورت میں مہیا ہو سکتا ہے۔ کہ ہم اپنے ملک کا تیار شدہ کپڑا استعمال کرنا شروع کر دیں۔"

اس ضمن میں آپ نے یہ بھی بتایا ہے کہ قائداعظم محمد علی جناح گورنر جنرل پاکستان بہت جلد "گھریلو کھڈیوں کا کپڑا پہنو" کی مہم شروع کرنے والے ہیں۔ اور صوبائی حکومتوں کے وزیر اور مسلم لیگی کارکن خاص طور پر اس مہم میں حصہ لیں گے۔

اس وقت پاکستان کو کپڑے کی جتنی ضرورت ہے۔ وہ یہاں تیار نہیں ہو رہا۔ کیونکہ کپڑا تیار کرنے والے کارخانے یہاں سرے سے ہے ہی نہیں۔ اور جو ہیں بھی تو بہت ناکافی اس وجہ سے پاکستان کو جو کپاس پیدا کرنے میں ایک نہائت زرخیز علاقہ ہے کپڑا تیار کرنے کی صنعت میں بہت پیچھے ہے۔ اس لئے ضرور ہے کہ اگر کارخانے لگانے میں دقتیں ہیں۔ تو ہم اپنے کپڑا کا اپنے گھروں ہی میں انتظام کریں۔ جیسا کہ پہلے رواج تھا۔ ہمارا ملک کسی زمانے میں کپڑا باہر سے نہیں لیتا تھا۔ اور اپنی ضروریات خود پوری کرتا تھا۔ قصبہ قصبہ اور گاؤں گاؤں میں دستی کھڈیاں ہوتی تھیں۔ تمام کی تمام ضروریات ان ہی کھڈیوں سے پوری ہو جاتی تھیں۔ اس لئے یہ کوئی نئی بات نہیں ہے۔ اگر ہم اس طرف متوجہ ہو جائیں۔ تو انہی کھڈیوں سے نہائت اعلےٰ قسم کا دیسی کپڑا تیار کیا جا سکتا ہے اس ضمن میں ہمارے حکام اور برسر اقتدار لوگوں کو ایک بات سمجھنی ضروری ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ خالی خولی لفظی پروپیگنڈا کوئی معنے نہیں رکھتا۔ اگر ہمارے بڑے بڑے حکام چاہتے ہیں۔ کہ یہ مہم کامیاب ہو تو ان کو چاہیئے کہ خود پہلے اس پر عمل کریں اور خود کھدر یا گھریلو کھڈیوں کا بنا ہوا کپڑا استعمال کر کے لوگوں کے سامنے مثال پیش کریں۔

بیانات حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ کی مجلس علم و عرفان

موجودہ زمانہ میں اس سوال کو اٹھانا کہ پردہ ترقی کی راہ میں روک ہے غلط ہے۔

مرتبہ عبد الحمید صاحب آصف

۱۴ اپریل بعد نماز عشاء

حضور کی خدمت میں ایک احمدی دوست نے عرض کیا۔ کہ حضور یہ جو خیال آجکل اٹھایا جا رہا ہے کہ پردہ کے لئے برقعہ وغیرہ کی کوئی ضرورت نہیں بلکہ دل کا ہی پردہ کافی ہے۔ اس کے متعلق حضور کچھ بیان فرمائیں۔ حضور نے فرمایا اگر عمل دل کے خیالات کا ہی کافی ہوتا۔ تو سارے کام دل میں ہی کر لئے جاتے خالی جذبات کوئی چیز نہیں ہیں۔ جب تک کہ ان جذبات کے مطابق عمل نہ کیا جائے۔ مثلاً ماں ہے اس کے دل میں بچہ کے متعلق محبت ہوتی ہے۔ مگر پھر بھی کئی کتابیں اس غرض کے لئے لکھی گئی ہیں۔ جن میں یہ بتایا گیا ہے۔ کہ کس طرح بچہ کی تربیت کی جائے۔ جس سے نتیجہ نکلتا ہے کہ خالی محبت کافی نہیں ہوتی۔ بلکہ اس محبت کے مطابق بچہ کی صحیح تربیت کرنا اصل چیز ہے۔

مجھ سے ایک ہندو دوران سفر میں ملا میں نے اسے اسلام کی طرف توجہ دلائی۔ اس پر اس نے کہا کہ کعبہ اور دیر دونوں دل میں ہیں۔ میں نے اسے کہا کہ آپکی شادی ہو چکی ہے۔ اسنے اثبات میں جواب دیا۔ پھر میں نے پوچھا کہ کوئی بچہ ہے۔ اس کا اسنے پھر اثبات میں جواب دیا۔ اس پر میں نے اس سے کہا کہ کبھی بیوی نے بچے کو پیار کیا ہے۔ اس نے کہا ہاں میں نے کہا کہ بیوی نے بچے کی دفعہ کیوں نہیں کہہ دیا کرتے کہ پیار تو دل کا ہوتا ہے۔ ان سے معاملہ کے وقت کیوں ہونٹوں اور ہاتھ سے کام لیتے ہو۔ اس پر وہ بہت نادم ہوا۔

اصل بات یہ ہے کہ آجکل جو پردہ کے متعلق بات چیت ہو رہی ہے۔ اس کا اصل مطلب یہ نہیں ہے کہ عورتیں تعمیر پاکستان میں حصہ لیں۔ بلکہ یہ صرف مغربی تہذیب کا اثر ہے۔ جب پردہ کے باوجود قرون اولیٰ کی مسلمان عورتوں نے جنگوں میں حصہ لیا۔ قرآن کریم کے درس دیئے۔ مثلاً رابعہ بصری قرآن کریم کی تعلیم کا درس دیتی تھیں۔ تو پھر اب موجودہ زمانہ میں اس سوال کو اٹھانا کہ پردہ ان کاموں کے کرنے میں روک ہے غلط ہے۔ آجکل کی کلبیں لوگوں کو مجبور کرتی ہیں۔ کہ وہ بھی اپنی بیویوں کو بے پردہ کلبوں میں لائیں۔ وہ اس طرح کہ جب ایک آدمی کلب میں جاتا ہے۔ وہاں وہ مردوں کے ساتھ ان کی بیویوں کو بھی دیکھتا ہے جو بے پردہ ہوتی ہیں، تو دوسرے اعتراض کرتے ہیں، کہ اس شخص کا کیا حق ہے۔ کہ وہ کلب میں آئے۔ ہماری عورتوں کو تو بے پردہ دیکھے۔ مگر اپنی بیوی اپنے ساتھ نہ لائے۔ تو اس طرح وہ شخص مجبور ہو جاتا ہے۔ کہ یا تو کلب میں جانا چھوڑ دے یا پھر اپنی بیوی کو بھی بے پردہ کر کے کلب میں لے جائے اور چونکہ کلب میں جانا وہ نہیں چھوڑ سکتا۔ وہ اپنی بیوی کو بھی مجبور کر کے ساتھ لے جاتا ہے۔ اور جو عورتیں کلبوں اور سوسائٹیوں میں جاتی ہیں۔ وہ ان عورتوں کو بھی پردہ سے نکالنے کی کوشش کرتی ہیں جو پردہ کرتی ہیں تا وہ ان پر حرف گیری نہ کر سکیں۔

ان پردہ کے مخالفین سے اس نقطہ کو سامنے رکھ کر بات کرنی چاہیئے کہ ہمارے اور ان کے درمیان جو قدر مشترک ہے اس کو لیا جائے۔ اور پھر اس کو لے کر بات کی جائے مثلاً ایک قدر مشترک یہ ہے کہ وہ بھی محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کو مانتے ہیں۔ اور ہم بھی مانتے ہیں۔ ہم ان سے کہیں گے۔ کہ رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کا جو پردہ کے متعلق دستور ہے اور عمل ہے۔ اس کے مطابق ہمیں بھی عمل کرنا چاہئے اور اگر وہ یہ کہیں کہ ہم پردہ کے متعلق آپؐ کی بات ماننے کو تیار نہیں۔ تو پھر انہیں اس طرف آنا چاہیئے کہ وہ پہلے رسول کریم صلے اللہ علیہ وسلم کی رسالت کی صداقت کے متعلق بات چیت کریں کیونکہ وہ آپؐ پر پورا ایمان نہیں رکھتے اگر انہیں آپ پر کامل ایمان ہوتا۔ تو آپ کے اس عمل کو جو پردہ کے متعلق ہے وہ ضرور قبول کرتے۔ میں نے ایک دفعہ ایک شخص سے سوال کیا کہ کبھی تم نے اپنے بچہ کی بات مانی ہے۔ جو بے عقل ہوتا ہے اس نے کہا کہ کئی دفعہ مانی ہے۔ میں نے پوچھا تم اس کی بات کیوں مانتے ہو۔ اس نے کہا کہ بچہ کو خوش کرنے کے لئے۔ میں نے اسے کہا کہ جب ایک بے عقل بچہ کی بات تم اس کو خوش کرنے کے لئے مان لیتے ہو۔ تو محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کی بات آپ کو خوش کرنے کے لئے مان لینے میں تم کو کیا اعتراض ہو سکتا ہے حضور نے فرمایا۔ یہ عجیب بات ہے۔ کہ جب مرد زندہ موجود ہیں۔ تو سیاسی امور کے متعلق جلوس عورتوں سے کیوں نکلواتے ہیں۔ اس کے بعد حضور نے فرمایا عورتوں کو فنون حرب سے ضرور واقف کرانا چاہیئے تا وہ وقت آنے پر اپنی عصمت کی حفاظت کر سکیں اور جب جنگ میں عورت کی ضرورت پڑے۔ تو وہ لڑے لیکن یہ امر یاد رکھنا چاہیئے کہ خدا تعالے نے مرد کو لڑنے کے لئے بنایا ہے عورت کو نہیں۔ عورت اسوقت ہی میدان جنگ میں حصہ لے سکتی ہے۔ جب مرد نہیں رہیگا۔ یعنی وہ لڑتے لڑتے جنگ میں ختم ہو جائیگا۔ اس وقت عورت کا میدان میں آنا لازمی ہوگا۔ چنانچہ ہم نے قادیان میں عورتوں کو بندوق چلانا سکھایا۔ اور موجودہ فتنہ میں جب سکھ گھروں میں گھس داخل ہو گئے اور عورتیں ان کا مقابلہ کرنے کے لئے اٹھ کھڑی ہوئیں تو وہ بھاگ گئے۔ حق میں ایک طاقت ہوتی ہے اسی وجہ سے ایک عورت نے دس دس پندرہ پندرہ سکھوں کو بھگا دیا اور ہماری قادیان کی عورتیں سو فیصدی محفوظ رہی ہیں سوائے انکے جو میری ہدایت کے باوجود کہ کسی عورت میں بھی قافلہ میں سفر نہیں کرتا۔ قافلہ میں چل پڑیں۔

باقی صفحہ ۶ پر

اپنی رحمت کا شامیانہ بنا

از حضرت امیر المومنین ایدہ اللہ تعالیٰ

شاخِ طوبیٰ پہ آشیانہ بنا
تا ابد جو رہے فسانہ بنا

عرش بھی جس سے مرتعش ہو جائے
سوزشِ دل سے وہ ترانہ بنا

بادشاہت تو بن گئی تیری
کشورِ دل مرا بنا نہ بنا

فلسفی! زندگی سے کیا پایا؟
حیف ہے گر ترا خدا نہ بنا

لذّتِ وصل ہی میں سب کچھ ہے
اس سے ملنے کا کچھ بہانہ بنا

چھوڑنا ہو جو نقشِ عالَم پر
کس کمر عزمِ مُقبِلانہ بنا

وہ تو بے پردہ ہو گئے تھے مگر
حیف یہ دل ہی آئینہ نہ بنا

دل کو لیکر میں کیا کروں پیارے
تُو اگر میرا دل رُبا نہ بنا؟

خاک کر دے ملا دے مٹی میں
پر مرے دِل کو بے وفا نہ بنا

گر کے قدموں پہ ہو گیا مَیں ڈھیر
وقت پر خوب ہی بہانہ بنا

چالِ عشّاق کی چلوں میں بھی
تو بھی اندازِ دلبرانہ بنا

نعمتِ وصل بے سوال ہی دے
اپنے عاشق کو بے حیا نہ بنا

جو بھی دینا ہے آپ ہی دیدے
مجھ کو اغیار کا گدا نہ بنا

تجھ سے ملکر نہ غیر کو دیکھوں
غیر کا مجھکو مبتلا نہ بنا

جسکے نیچے ہوں جمع سب عشاق
اپنی رحمت کا شامیانہ بنا

بخششِ حق نے پا لیا مجھ کو
کیا ہوا میں اگر بھلا نہ بنا

مجھ سے لاکھوں ہیں تیری دنیا میں
تجھ سا پر کوئی دوسرا نہ بنا

تیری صنعت پہ حرف آتا ہے
توڑ دے پر مجھے بُرا نہ بنا

دل و دلبر میں چھیڑ جاری ہے
ہے یہ اک طرفہ شاخسانہ بنا

دیکھ کر آدمی میں دانہ کی حرص
آج ابلیس خود ہے دانہ بنا

ابلیس کا مُغویانہ وجود نظامِ رُوحانی کا حصّہ ہے نہ کہ ایک محض بعد کا حادثہ

لمّۂ ملک اور لمّۂ ابلیس

الفضل مجریہ ۲۷ مارچ ۱۹۴۸ء میں مکرم و محترم حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر احمد صاحب ایم۔ اے کا ایک مضمون شائع ہوا ہے۔ جس میں آپ نے یہ ثابت فرماتے ہوئے کہ ابلیس کا وجود نظامِ رُوحانی کا ایک حصہ نہیں بلکہ بعد کا ایک حادثہ ہے۔ علماء سلسلہ کو تحقیق کی دعوت دی ہے۔

حضرت میاں صاحب نے اس مسئلہ کے حل کرنے کے لئے اپنے مضمون کے آخر میں لمّۂ خیر اور لمّۂ شر کا ذکر کرتے ہوئے توجہ دلائی ہے کہ "اگر حضرت مسیح موعود علیہ السلام کا واقعی یہی منشا ہے۔ کہ لمّۂ شر سے ابلیس مراد ہے۔ اور یہ کہ ابلیس اس غرض و غایت کے ماتحت پیدا کیا گیا تھا کہ انسانوں کے لئے ابتلاؤں کا سامان مہیا کرے۔ تو پھر جو کچھ بھی حضرت مسیح موعود علیہ السلام نے لکھا ہے۔ بہرحال وہی درست اور ٹھیک ہے اور ہمارے دلائل اور استدلالات کا طومار حضور کے ایک قول کے سامنے اسی طرح ہیچ ہے جس طرح ایک زندہ ہستی کے مقابل پر ایک مردہ کیڑا ہیچ ہوا کرتا ہے۔ کیونکہ ہماری دلیلیں محض خیال آرائیاں ہیں۔ مگر حضور خدا کے رستہ کے سالک ہیں اور وہ
"سالک بے خبر نبود ز راہ و رسم منزلہا"

میں نے حضرت میاں صاحب کے اس ارشاد کی تعمیل میں حضور علیہ السلام کی کتاب آئینہ کمالات اسلام دیکھی۔ اور لمّۂ خیر اور لمّۂ شر کی بحث پڑھی جس سے صاف اور واضح طور پر یہ ظاہر ہوتا ہے۔ کہ لمّۂ خیر سے مراد ملائکہ اور لمّۂ شر سے مراد شیطان اور ابلیس کا وجود ہے۔ جو نظامِ رُوحانی کا حصہ ہیں۔ نہ کہ محض بعد کا ایک حادثہ اور اس لئے پیدا کئے گئے ہیں تا انسان ابتلاء میں پڑ کر مستحق ثواب یا عقاب ٹھہر سکے۔

چونکہ حضور علیہ السلام کی اس تحریر سے زیر بحث مسئلہ کے اور بھی کئی پہلوؤں پر روشنی پڑتی ہے۔ اس لئے یہاں پر میں وہ تمام کی تمام عبارت درج کئے دیتا ہوں تا اس مسئلہ سے دلچسپی رکھنے والے احباب اس سے پورا پورا فائدہ حاصل کر سکیں۔

حضور فرماتے ہیں:-

"از انجملہ ایک یہ سوال ہے۔ کہ جس حالت میں رُوح القدس انسان کو بدیوں سے روکنے کے لئے مقرر ہے۔ تو پھر اس سے گناہ کیوں سرزد ہوتا ہے۔ اور انسان کفر اور فسق اور فجور میں کیوں مبتلا ہو جاتا ہے۔ اس کا یہ جواب ہے کہ خدا تعالیٰ نے انسان کے لئے ابتلاء کے طور پر دو رُوحانی داعی مقرر کر رکھے ہیں۔ ایک داعی خیر جس کا نام روح القدس ہے اور ایک داعی شر جس کا نام ابلیس اور شیطان ہے یہ دونوں داعی صرف خیر یا شر کی طرف بلاتے رہتے ہیں مگر کسی بات پر جبر نہیں کرتے۔ جیسا کہ اس آیت کریمہ میں اسی امر کی طرف اشارہ ہے **فَأَلْهَمَهَا فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا**۔ یعنی خدا بدی کا بھی الہام کرتا ہے اور نیکی کا بھی بدی کے الہام کا ذریعہ شیطان ہے جو شرارتوں کے خیالات دلوں میں ڈالتا ہے اور نیکی کے الہام کا ذریعہ روح القدس ہے جو پاک خیالات دلوں میں ڈالتا ہے اور چونکہ خدا تعالیٰ **علّۃ العلل** ہے اسلئے یہ دونوں الہام خدا تعالیٰ نے اپنی طرف منسوب کر لئے۔ کیونکہ اسی کی طرف سے یہ سارا انتظام ہے ورنہ شیطان کیا حقیقت رکھتا ہے جو کسی کے دل میں وسوسہ ڈالے اور روح القدس کیا چیز جو کسی کو تقویٰ کی راہوں کی ہدایت کرے۔

ہمارے مخالف آریہ اور برہمو اور عیسائی اپنی کوتاہ بینی کی وجہ سے قرآن کریم کی تعلیم پر یہ اعتراض کیا کرتے ہیں کہ اس تعلیم کی رو سے ثابت ہوتا ہے کہ خدا تعالیٰ نے دانستہ انسان کے پیچھے شیطان کو لگا رکھا ہے۔ گویا اس کو آپ ہی خلق اللہ کا گمراہ کرنا منظور ہے مگر یہ ہمارے شتاب باز مخالفوں کی غلطی ہے ان کو معلوم کرنا چاہیئے۔ کہ قرآن کریم کی یہ تعلیم نہیں ہے کہ شیطان گمراہ کرنے کے لئے جبر کر سکتا ہے اور نہ یہ تعلیم ہے کہ صرف بدی کی طرف بلانے کے لئے شیطان کو مقرر کر رکھا ہے بلکہ یہ تعلیم ہے کہ آزمائش اور امتحان کی غرض سے **لمّۂ ملک اور لمّۂ ابلیس** برابر طور پر انسان کو دئے گئے ہیں یعنی ایک داعی خیر اور ایک داعی شر۔ تا انسان اس ابتلا میں پڑ کر مستحق ثواب یا عقاب کا ٹھہر سکے۔ کیونکہ اگر اس کے لئے ایک ہی طور کے اسباب پیدا کئے جاتے۔ مثلاً اگر اس کے بیرونی اور اندرونی اسباب جذبات فقط نیکی کی طرف ہی اُس کو کھینچتے یا اُس کی فطرت ہی ایسی واقعہ ہوتی کہ وہ بجز نیکی کے کاموں کے اور کچھ کر ہی نہ سکتا۔ تو کوئی وجہ نہ تھی کہ نیک کاموں کے کرنے سے اُس کو کوئی مرتبہ قرب کا ملتا کیونکہ اُس کے لئے تو تمام اسباب جذبات نیک کام کرنے کے ہی موجود ہیں یا یہ کہ بدی کی خواہش تو ابتدا سے ہی اُس کی فطرت سے مسلوب ہے تو پھر بدی سے بچنے کا اُس کو ثواب کس استحقاق سے ملے۔ مثلاً ایک شخص ابتدا سے ہی نامرد ہے جو عورت کی کچھ خواہش نہیں رکھتا۔ اب اگر وہ ایک مجلس میں یہ بیان کرے کہ میں فلاں وقت جوان عورتوں کے ایک گروہ میں رہا۔ جو خوبصورت بھی تھیں مگر میں ایسا پرہیزگار ہوں کہ میں نے ان کو شہوت کی نظر سے ایک دفعہ بھی نہیں دیکھا۔ اور خدا تعالیٰ سے ڈرتا رہا۔ تو کچھ شک نہیں کہ سب لوگ اس کے اس بیان پر ہنسیں گے اور طنز سے کہیں گے کہ اے نادان کب اور کس وقت تجھ میں یہ قوت موجود تھی تا اُس کے روکنے پر تو فخر کر سکتا یا کسی ثواب کی اُمید رکھتا پس ماننا چاہیئے کہ سالک کو اپنی ابتدائی اور درمیانی حالات میں تمام امیدیں ثواب کی مخالفانہ جذبات سے پیدا ہوتی ہیں۔ اور ان منازل سلوک میں جن امور میں فطرت ہی سالک کی ایسی واقع ہو کہ اُس قسم کی بدی وہ کر ہی نہیں سکتا تو اس قسم کے ثواب کا بھی وہ مستحق نہیں ہو سکتا۔ مثلاً ہم بچھو اور سانپ کی طرح اپنے وجود میں ایک ایسی زہر نہیں رکھتے۔ جس کے ذریعہ سے ہم کسی کو اس قسم کی ایذا پہنچا سکیں۔ جو کہ سانپ اور بچھو پہنچاتے ہیں۔ سو ہم اس قسم کی ترک بدی میں عند اللہ کسی ثواب کے مستحق بھی نہیں۔

اب اس تحقیق سے ظاہر ہوا کہ مخالفانہ جذبات جو انسان میں پیدا ہو کر انسان کو بدی کی طرف کھینچتے ہیں۔ درحقیقت وہی انسان کے ثواب کا بھی موجب ہیں کیونکہ جب وہ خدا تعالیٰ سے ڈر کر اُن مخالفانہ جذبات کو چھوڑ دیتا ہے تو عند اللہ بلاشبہ تعریف کے لائق ٹھہر جاتا ہے۔ اور اپنے رب کو راضی کر لیتا ہے لیکن جو شخص انتہائی مقام کو پہنچ گیا ہے۔ اُس میں مخالفانہ جذبات نہیں رہتے گویا اُس کا جن مسلمان ہو جاتا ہے مگر ثواب باقی رہ جاتا ہے کیونکہ وہ ابتلا کے منازل کو بڑی مردانگی کے ساتھ طے کر چکا ہے جیسے ایک صالح آدمی جس نے بڑے بڑے نیک کام اپنی جوانی میں کئے ہیں اپنی پیرانہ سالی میں بھی اُن کا ثواب پاتا ہے"۔

(حاشیہ آئینہ کمالات اسلام صفحہ ۸۰ تا صفحہ ۸۵)

(خاکسار مرزا محمد حیات تاثیر ناصر)

فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ

نیکیوں میں بڑھتے چلیں (سورۃ البقرۃ ع ۱۷)

ہمارے نوجوانوں کو چاہیئے کہ وُہ جماعت احمدیہ کی ذمہ واریوں کو سمجھیں اور اب بوڑھے عاشق احمدیت کے بزرگوں کا بوجھ خود اُٹھانے کی کوشش کریں۔ دیکھیں یہ احمدیت کا جھنڈا وُہ ہے جس کو اصحاب حضرت مسیح موعود علیہ الصلوۃ والسلام نے ہر طرح کی قربانیوں کے ساتھ دُنیا میں بلند کیا ہے اب اس سے زیادہ بلندی پر پہنچانا ہماری زندگی کا اوّلین مقصد ہونا چاہیئے پس آپ نماز تہجد اور پنجوقتہ نماز کی ادائیگی میں بڑھتے چلیں کہ اس کے بغیر خدا کا قرب ممکن نہیں۔ آپ بڑھتے چلیں قرآن مجید کا ترجمہ تفسیر سیکھنے میں آپ بڑھتے چلیں فوجی زندگی میں آپ اپنے اندر اتفاق واتحاد کا نظام و طاقت پیدا کریں۔ بڑھتے چلیں تجارت میں۔ بڑھتے چلیں صنعت و حرفت میں۔ بڑھتے چلیں میکینکل اور سول انجینیئر بننے میں۔ بڑھتے چلیں دُنیا کے گرد سفر کرنے میں اور دیکھیں کہ دُنیا کس طرح ترقی کی رفتار میں چل رہی ہے ہمت بلند کریں اور ترقی کی تمام بلندیوں پر دوڑیں۔ دنیا میں ایک رُوحانی انقلاب عظیم پیدا کرنے والے نوجوان ہیں تا کہ آپ کی زندگی میں اور آپ کے بعد بھی آپ کا نام ہمیشہ ہمیش تاریخ احمدیت میں خدام الاحمدیہ و خدام الاسلام کے قابل قدر نام سے یاد رہے

(عطاء اللہ مجاہد مسقط)

تلاشِ گمشدہ

میری اہلیہ مسماۃ بیگم بی بی جو کہ عرصہ بارہ سال سے پاگل ہے اسی مرض کے دورہ کی حالت میں عرصہ قریباً چار ماہ سے گھر سے باہر چلی گئی ہے۔ **حلیہ** حسب ذیل ہے رنگ گندمی عمر ۳۵ سال قد درمیانہ۔ سر پر تالو میں ایک نشان ڈم۔ دانت اونچے اور میلے۔ بات کرتے وقت کبھی کبھی آخری الفاظ دُہراتی ہے اگر باہر جانے سے روکیں تو واویلا۔ اور گالی گلوچ کرتی ہے کبھی کبھی اپنا نام بوجہ پاگل پن ہربنس کور یا کرتار کور کہہ دیا کرتی ہے یہ باتیں خود بتلا دیا کرتی ہے۔ نام والد عبد الرحمان عرف جھنڈا۔ قوم جٹ بھوٹہ۔ نام والدہ عالم بی بی سکنہ چک ۲۲۱ گ ب جنگلی تحصیل سمندری ضلع لائلپور۔ لڑکے کا نام محمد جمیل بھائی کا نام حشمت علی و مراد علی جو شخص صحیح پتہ بتلائے یا بذریعہ تار اطلاع دے اور دستیاب کرا دے علاوہ شکریہ کے مبلغ یکصد روپیہ بطور انعام پیش کیا جائیگا

[illegible]

دنیا کے کناروں تک ۔ مغرب کی وادیوں میں

مسٹر کوپے کا اعلان احمدیت

رپورٹ ہالینڈ مشن

(از جناب حافظ قدرت اللہ صاحب مجاہد ہالینڈ)

ایک لمبا عرصہ غور کرنے کے بعد گذشتہ ماہ مسٹر کوپے نے آخر اپنے احمدی ہونے کا اعلان کر دیا۔ آپ کا پورا نام مسٹر پی ۔ جے۔ الیف کے المہدی عبدالرحمن ابر کوپے ہے۔ آپ جرمنی میں پیدا ہوئے۔ والدہ آپ کی جرمنی ہیں۔ اور باپ ڈچ بچپن کے گیارہ سال جرمنی میں گذارے اور پھر ہالینڈ آ کر روٹرڈم شہر میں اپنی تعلیم شروع کر دی۔ تعلیم سے فراغت کے بعد ایک تجارتی کمپنی میں کچھ عرصہ ملازمت کی۔ اور پھر جرمن قونصلیٹ میں انڈر سیکرٹری کے طور پر ۲ سال کے قریب کام کیا

اسلام کے ساتھ دلچسپی کچھ بچپن سے ہی پیدا ہو چکی تھی۔ اور اس کے متعلق تحقیق کا کام جاری تھا۔ ۱۹۳۳ء میں کچھ یمنی سیلرز اس ملک میں آ نکلے عربی سے دلچسپی کی وجہ سے ان کے ساتھ میل ملاقات ہونے لگی اور آخر ان کے اثر سے متاثر ہو کر ۱۹۳۵ء میں برلن میں مسلمان ہو گئے۔ اس کے بعد فرانس میں بعض عربوں اور الجیرین سے وقتاً فوقتاً ملاقات کے مواقع میسر آتے رہے۔ اور اسی عرصہ میں فرانسیسی زبان کی تحصیل بھی کر لی۔ آپ کے یمنی دوست علوی طریقہ کے پابند تھے۔ چنانچہ آپ پر بھی وہی رنگ غالب تھا۔ اور آپ کے تعلقات الجیرین علوی مشن کے ساتھ مضبوط تر ہوتے گئے۔ ۱۹۳۶ء میں آپ کا ارادہ یمن جانے کا ہوا۔ مگر بعض وجوہات کی بناء پر مصر میں رک جانا پڑا اور نہ جا سکے۔ اسی سال آپ نے جرمن ملٹری میں ملازمت اختیار کی۔ مگر دو سال بعد جرمن خفیہ پولیس سے کچھ جھگڑا ہو گیا جس کی وجہ سے اس ملازمت کو چھوڑ دینا پڑا۔

۱۹۴۰ء میں جرمن جب ہالینڈ میں آ گئے تو ان کے لئے اپنے آپ کو ظاہر کرنا مشکل ہو گیا۔ چنانچہ آپ نے یہ ۵ سال چھپ کر گذارے۔ اور "ڈچ انڈر گراؤنڈ" میں کام کرتے رہے۔ اس عرصہ میں مطالعہ کا بھی کافی موقعہ ملا۔ آخر ۱۹۴۵ء میں ان مشکلات کا کسی قدر خاتمہ ہوا۔ ان مشکلات کا سبب صرف یہ تھا۔ کہ آپ آدھے جرمن تھے اور آدھے ڈچ مگر بہر حال اس عرصہ میں آپ کا تجربہ کافی وسعت اختیار کر گیا۔۔۔۔ جنگ کے بعد سے آپ ایمسٹرڈم میں مقیم ہیں۔ اور ایک تجارتی فرم میں ملازم ہیں عرصہ قریباً ۲ ½ سال کا ہوا۔ مسٹر کوپے نے ایک خط انجمن احمدیہ کو لکھا۔ اور وہ خط محترم مولانا شمس صاحب کو لندن بھیج دیا گیا۔ چنانچہ محترم موصوف نے پھر مسٹر کوپے سے خط و کتابت جاری رکھی انہیں اسلامی لٹریچر بھیجوا تے رہے اور احمدیت کی تعلیم سے آگاہی دیتے رہے۔ محترم مولانا شمس صاحب کا ارادہ بھی تھا۔ کہ وہ ایک دفعہ خود ہالینڈ آ کر مسٹر کوپے سے ملاقات کریں۔ مگر اس کے لئے حالات سازگار نہ ہو سکے۔

حضور ایدہ اللہ بنصرہ العزیز نے جب مجھے ہالینڈ جانے کا ارشاد فرمایا۔ تو اس موقعہ پر مسٹر کوپے کی خدمات حاصل کی گئیں۔ چنانچہ انہوں نے بہت ہی ہمدردی اور اخلاص کا ثبوت دیا۔ اور میرے لئے کمرہ رہائش کا انتظام ہیگ میں کر دیا۔

ابتدائی ایام میں مسٹر کوپی بہت کثرت کے ساتھ ایمسٹرڈم سے مجھے ملنے کے لئے آتے رہے اسلامی امور کے متعلق تو انہیں ایک حد تک کافی معلومات تھے مگر احمدیت کے متعلق بہت سے حقائق ان سے پوشیدہ تھے۔ خصوصاً برلن میں لاہوری لٹریچر نے انہیں ہمارے متعلق بہت بدظن سا کر دیا تھا۔ آہستہ آہستہ اُن کے شکوک کا ازالہ ہوتا رہا اور حقیقت کھلتی گئی

باوجود اختلاف عقیدہ کے آپ میرے ساتھ باقاعدہ نمازیں ادا کرتے رہے۔ اور سلسلہ کے ساتھ عقیدت کا اظہار بھی کرتے رہے (آپ نماز کا خاص اہتمام کرتے ہیں، اکثر اوقات نماز کے لئے آپ اپنا عربی لباس زیب تن کرتے ہیں)

عرصہ کی بات ہے۔ ایک دن ہمارا کافی وقت تبلیغی گفتگو پر صرف ہوا۔ اس کے بعد کچھ دیر ٹھہر کر میں نے ان سے پوچھا۔ کہ اب آپ کا خیال احمدیت کے متعلق کیسا ہے۔ تو کچھ خاموشی کے بعد کہا کہ اب بات مزید دریافت کرنا چاہتا ہوں۔ کہ آپ احمدیوں کا دوسرے مسلمانوں کے متعلق کیا عقیدہ ہے۔۔

میں نے اس پر کہا کہ یہ بات تو واضح ہے۔ کچھ کہنے کی ضرورت نہیں۔ آپ مسیح اور مہدی کے ظہور کی پیشگوئیوں کی اہمیت کو خوب سمجھتے ہیں۔ آپ خود نتیجہ نکال لیں کہ اگر بانی سلسلہ وہی مسیح اور مہدی ہیں جن کی پہلے سے خبر دی گئی ہے۔ تو ان کے نہ ماننے والوں کی پوزیشن واضح ہے۔ اس پر آپ خاموش ہو گئے۔ اور وقت گذر تا گیا۔

دو تین ماہ کا عرصہ ہوا۔ الجیرین علوی ہیڈکوارٹر کی طرف سے مسٹر کوپے کو ایک ہدایت موصول ہوئی اور ان سے خواہش کی گئی۔ کہ وہ ہالینڈ میں اُن کی طرف سے علوی طریقہ کا ایک مشن کھول کر تبلیغ کا کام شروع کر دیں۔ مسٹر کوپے ابھی اس معاملہ پر غور ہی کر رہے تھے۔ کہ انہیں کیا جواب دیا جائے کہ دوسری طرف ہماری نو احمدی خاتون رضیہ نے ایک دن پوچھا۔ کہ مسٹر کوپے اب احمدیت میں داخل کیوں نہیں ہو جاتے۔ میں نے اُسے کہا۔ کہ وہ اپنے علوی دوستوں میں پھنسے ہوئے ہیں۔ اور انہیں چھوڑنے پر آمادہ نہیں۔ اس پر انہیں جوش سا آیا اور کہا کہ انہیں اپنی ایمانی جرأت سے کام لینا چاہیئے۔ اور دوستوں کی پرواہ نہیں کرنی چاہیئے چنانچہ انہوں نے اخلاص بھرے دو تین خطوط مسٹر کوپے کو لکھے۔ آخر مسٹر کوپے کو فیصلہ کرنا پڑا۔ کہ آیا انہیں علوی کی دعوت قبول کرنی چاہیئے یا جرأت سے کام لیتے ہوئے انہیں حلقہ بگوش احمدیت ہونا چاہیئے۔ یہ فیصلہ کرنا اُن کے لئے کوئی آسان مرحلہ نہ تھا۔ مگر آخر فطرت نیک تھی خود بھی دعائیں کیں۔ بزرگوں کی دعائیں بھی شامل حال تھیں ایک روز ایمسٹرڈم سے آئے (اس سے قبل ان کا ایک تفصیلی خط بھی آچکا تھا جس سے حالات بہت اُمید افزا نظر آتی تھی) اور آ کر اپنے احمدی ہونے کا اعلان کر دیا۔ ہم تینوں بھائیوں نے انہیں مبارکباد دی۔ بتپاک سے معانقہ کیا اور پھر ہاتھ اُٹھا کر ان کی استقامت کے لئے دعا کی۔ مسٹر کوپے نے حضور ایدہ اللہ تعالیٰ کی خدمت میں عربی زبان میں اپنی بیعت کا خط لکھ کر مجھے دیا۔ جو میں نے حضور کی خدمت میں بھجوا دیا محترم و مکرم مولانا شمس صاحب کے لئے بھی یہ خبر خوشی کا موجب ہو گی۔ کہ جس پودہ کی آبیاری انہوں نے شروع کی تھی۔ وہ آخر پھل لے آیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو سلسلہ کے لئے اور نافع وجود بنائے۔

چند دنوں بعد مسٹر کوپے نے علوئین کو اُن کے خط کا جواب بھی صاف صاف دے دیا۔ کہ وہ انہیں اس کام سے معذور سمجھیں۔ کیونکہ وہ حلقہ بگوش احمدیت ہو چکے ہیں۔

کچھ عرصہ ہوا۔ ان کے بعض یمنی دوستوں کو جب علم ہوا کہ آپ احمدیوں کے ساتھ میل ملاقات رکھتے ہیں۔ تو انہوں نے مسٹر کوپی کو نصیحت بھی کی کہ وہ احمدیوں سے بالکل تعلقات نہ رکھیں مگر صداقت کبھی چھپ نہیں سکتی وہ اپنا اثر کر کے رہتی ہے اور آخر اثر کر کے رہی۔

مسٹر کوپی ماشاء اللہ نوجوان ہیں اسلامی معلومات کے علاوہ کافی وسیع تجربہ بھی رکھتے ہیں۔ عربی اور ڈچ زبان کے علاوہ جرمن تو اُن کی مادری زبان کی طرح ہے۔ فرانسیسی زبان میں بھی انہیں کافی مہارت ہے فرانسیسی علوی رسالہ میں اُن کے بہت سے مضامین شائع ہوتے رہے ہیں۔ اٹیلین زبان اور انگریزی بھی انہیں خوب آتی ہیں انہوں نے اپنے گذشتہ دنوں کی ایک بھلی یاد "دستی قرآن شریف" جو انہوں نے خود اپنے ہاتھ سے سادہ لکھا تھا اور بہت خوبصورت کر کے لکھا تھا۔

مندرجہ ذیل موصی صاحبان اپنے پتہ جات سے اطلاع دیں

۱۔ شیخ محمد سلیمان صاحب ہیڈ کلرک تھانہ ادلانہ ضلع کرنال ۔ وصیت نمبر ۵۷۴۶

۲۔ عبد العزیز صاحب ولد سلطان بخش صاحب سکنہ تھہ غلام نبی ضلع گورداسپور وصیت ۵۷۴۷

۳۔ محمد اسمٰعیل صاحب لقاپوری ابن مولوی محمد ابراہیم صاحب لقاپوری وصیت ۵۷۹۵

۴۔ فضل حسین صاحب سپاہی کلرک ۱ پلاٹون ۵ فیروزپور ۔ وصیت ۵۷۸۷

۵۔ محمد نذیر احمد صاحب 8/15 پنجاب رجمنٹ بنارس کینٹ وصیت ۵۸۰۱

۶۔ حکیم محمد عبد الصمد صاحب دار العلوم قادیان وصیت ۵۸۰۳

(۷) ابو الفیض عبد الحی صاحب کٹنی دسی ۔ پی) " ۵۸۰۸

(۸) میاں جلال الدین صاحب ولد غلام محمد صاحب دار الفضل قادیان وصیت ۵۸۱۲

(۹) چوہدری اللہ دتہ صاحب حلقہ مسجد الفضل قادیان وصیت ۵۸۱۳

۱۰۔ چوہدری حمید اللہ صاحب سب جج فیروزپور " ۵۸۱۴

۱۱۔ فلائنگ لفٹیننٹ میاں محمد لطیف صاحب دار الانوار قادیان وصیت ۵۸۱۷

۱۲۔ نائک منظور احمد صاحب دار الانوار قادیان ۔ وصیت ۵۸۲۵

۱۳۔ ملک محمد صادق صاحب ولد ملک نظام الدین صاحب قادیان وصیت ۵۸۳۰

۱۴۔ عبد اللطیف ولد نظام الدین صاحب دار العلوم قادیان وصیت ۵۸۳۴

۱۵۔ قریشی فضل حق صاحب سکھوال ضلع گورداسپور وصیت ۵۸۴۶

۱۶۔ شیخ عبد الوہاب صاحب سکنہ سنور ریاست پٹیالہ وصیت ۵۸۶۱

۱۷۔ عبد الرزاق خان صاحب درد ۔ پونچھ ۔ وصیت ۵۷۸۹ (سیکرٹری بہشتی مقبرہ)

مجلس علم و عرفان بقیہ صفحہ ۳

اور رستہ میں ان پر حملہ ہو گیا۔ یا جنہوں نے خلاف ہدایت اپنے گھروں کو چھوڑا۔

حضرت عائشہ رضؓ نے جنگ جمل میں خود فوج کی کمانڈ کی ہے اور لڑائی کی ہے۔ جب دشمن حملہ کرتا ہوا آپ کی سواری کے قریب تک پہنچ گیا۔ اور ایک آدمی نے سودج کا پردہ اٹھا کر اندر جھانکا۔ تو آپ کو دیکھ کر کہنے لگا۔ ارے یہ تو سرخ و سفید رنگ والی عورت ہے۔ اگر حضرت عائشہ پردہ کرتی تھیں۔ تو اسے پردہ اٹھانے کے بعد آپ کے رنگ کا کیوں علم ہوا۔ اسے تو اس کا علم پہلے سے ہونا چاہیئے تھا پھر حضور نے فرمایا۔ مگر اس کا یہ مطلب نہیں۔ کہ عورت پر ہر حالت میں ایک قسم کا پردہ واجب ہے۔ فقہاء نے اس بات پر بحث کی ہے۔ کہ حاملہ عورت کے اگر بچہ پیدا ہونے والا ہو اور ڈاکٹر کی ضرورت پڑے۔ اس وقت کیا مرد ڈاکٹر سے عورت بچہ جنوا سکتی ہے۔ بعض فقہاء نے کہا ہے۔ کہ جنوا سکتی ہے۔ اور بعض نے کہا کہ نہیں۔ پہلے گروہ میں سے پھر ایک گروہ نے کہا ہے۔ کہ اگر پردے کے خیال سے وہ مرد ڈاکٹر سے وہ بچہ نہ جنوائے اور مر جائے تو اس پر گناہ نہ ہو گا۔ لیکن دوسرے گروہ نے کہا کہ نہیں۔ اگر وہ اس وجہ سے مر جائے تو خودکشی کی مرتکب سمجھی جائے گی۔ اسی طرح رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے۔ کہ اگر ایک مرد سوار جا رہا ہو۔ اور وہ رستہ میں کسی عورت کو پیدل دیکھے۔ تو اسے چاہیئے کہ وہ اس عورت کو اپنے پیچھے بٹھا لے۔ اب اگر یہاں پشاور میں ہی کسی جگہ سواری پر جا رہا ہوں۔ اور کوئی پیدل عورت جا رہی ہو۔ اور رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے اس ارشاد کے ماتحت اس عورت کو پیچھے بٹھا لوں۔ تو یہاں کے اخبار ہی شور مچانے لگ جائیں گے۔ کہ دیکھو مرزائیوں کے امام نے بے شرمی سے کام لیا ہے۔ اسی طرح حدیثوں میں آتا ہے۔ کہ ایک دفعہ حج کے موقعہ پر ہجوم کے زیادہ ہونے کی وجہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم سوار سے نیچے گر گئے۔ ایک انصاری نے یہ دیکھ کر سواری سے چھلانگ لگائی اور آپ کے پاس آ کر کہا یا رسول اللہ میں مر جاؤں۔ آپ کو کوئی چوٹ نہ آئے۔ آپ نے فرمایا مجھے چھوڑو عورتوں کی طرف جاؤ اور ان کو اٹھاؤ اب اگر عورتوں کو ضرورت کے مطابق بھی ہاتھ نہیں لگاتا تھا۔ تو آپ یہ کیوں فرماتے کہ مجھے چھوڑو اور عورتوں کی طرف جاؤ اور ان کو اٹھاؤ۔

اس کے بعد یہ ذکر آگیا۔ کہ عورتوں کے پردہ کے بارہ میں بعض گھرانوں میں سختی سے کام لیا جاتا ہے۔ یعنی وہ ضرورت سے زیادہ پردے کرواتے ہیں۔

حضور نے فرمایا:۔ دلی میں تو عورتوں کو ایک جگہ سے دوسری جگہ ڈولیوں میں بٹھا کر لے جاتے ہیں۔

درخواست دعا

طلبائے جماعت ہشتم تعلیم الاسلام ہائی سکول چنیوٹ سالانہ امتحان میں کامیابی کے لئے درخواست دعا کرتے ہیں۔ احباب جماعت کامیابی کے لئے دعا فرمائیں

(محمد داؤد متعلم جماعت دہم)

حلقہ لاہور

دفتر اول چودھواں سال

- چوہدری اسد اللہ خان صاحب بیرسٹر لاہور ۴۲۵/-
- میاں حسن احمد صاحب دہلی دروازہ " ۸۰/-
- اہلیہ صاحبہ " " ۶۰/-
- محمد یحییٰ صاحب ابن حاجی موسےٰ صاحب نیلہ گنبد لاہور ۲۰/۸
- عبد الماجد صاحب ۲۶/-
- میاں عزیز احمد صاحب معہ اہلیہ صاحبہ ۱۴۰/-
- شیخ محمد عبد اللہ صاحب لنڈا بازار ۷۰/-
- منشی رحمت اللہ صاحب فیروزپوری حال دہلی دروازہ لاہور ۱۷/۲
- اہلیہ صاحبہ " " ۶/۲
- میاں معراج الدین صاحب بھاٹی دروازہ " ۱۸/-
- " محمد اقبال صاحب " ۲۰/۴
- قریشی عبد الغنی صاحب " ۱۲/۸
- رشیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ عزیز احمد صاحب کوچہ چابکسواراں لاہور ۳۰/-
- ملک اللہ رکھا صاحب گڈس کلرک سلطان پورہ لاہور ۱۰/-
- ڈاکٹر سعید احمد صاحب ماڈل ٹاؤن لاہور ۳۰۸/-
- عبد الحمید صاحب آف اوجلہ " ۶/۸
- چوہدری محمد افضل صاحب مزنگ " ۲۷/-
- خان رحمت اللہ خان صاحب " ۱۰/۴
- ملک عبد الوحید صاحب سلیم " ۶۴/-
- شیخ عبد اللطیف صاحب " ۵/-
- عنایت اللہ صاحب " ۴۰/-
- صوبیدار میجر ڈاکٹر محمد رمضان صاحب " ۲۷۵/
- مستری علم دین صاحب ڈیری فارم " ۵/۱۲
- سید محمود شاہ صاحب " ۶/۴
- عبد المالک صاحب " ۱۰/-
- صوبیدار محمد انور صاحب ۲۱/-
- کیپٹن حمید احمد صاحب کلیم " ۴۵۵/
- لفٹیننٹ نصیر احمد شاہ صاحب " ۳۹۱/-
- حوالدار کلرک محمد احمد صاحب مولوی فاضل " ۱۱۴/۱۳
- قاضی کریم اللہ صاحب آف فیض اللہ چک " ۹/-
- صوبیدار سردار احمد صاحب ملٹری فارم ۲۰/-
- کیپٹن غلام محمد صاحب کھوکھر ۵۰/-
- بابو محمد بشیر صاحب ایس۔ ڈی او سٹور آفس لاہور چھاؤنی ۱۰۱/-
- اہلیہ صاحبہ " " ۵۲/-
- مستری عبد الحکیم صاحب گنج مغل پورہ ۳۰/-
- اہلیہ صاحبہ " " ۲۵/-
- والد صاحب مرحوم " ۲۵/-

- عبد الرشید صاحب پسر عبد الحکیم صاحب گنج مغل پورہ ۱/۱
- عبد اللطیف صاحب " " ۱۳/-
- محمد الدین صاحب مرحوم " " ۷/۸
- محمود الحسن صاحب آئی۔ سی۔ ایس ۱۱ گورڈن روڈ لاہور ۱۴۰۰
- زینب حسن صاحبہ اہلیہ " ۱۱۶/
- غلام رسول صاحب ڈویژنل پے ماسٹر کمشن آفس ۵/-
- عبد الوہاب صاحب مزنگ لاہور ۱۰/۱۰
- شیخ عبد المالک صاحب امرتسری قلعہ گوجر سنگھ لاہور ۳۰/-
- آمنہ بیگم صاحبہ اہلیہ ڈاکٹر محمد اشرف صاحب S.A.S. پولیس ہسپتال لاہور ۱۱/۵

- شیخ عباد الرحمٰن صاحب ۱۱ ایڈن روڈ لاہور ۱۷/-
- حافظ محمود الحق صاحب " ۸/-
- شیخ لال محمد صاحب دال محمد روڈ " ۱۴/-
- حکیم عبد اللطیف صاحب والٹن کیمپ ۲ ۷۰/-
- محمد صادق صاحب C.A.H.Q N.W.R ۵۰/-
- محمد حسین صاحب کنسٹیبل موٹر ڈرائیور P.S.D مین بازار لاہور ۱۸/۴
- سید محمد صدیق صاحب ہاشمی ہیڈ کلرک مکینکل لاہور ۳۰/-
- ڈاکٹر قاضی محمد منیر صاحب امرتسری لاہور ۶۰/-
- اہلیہ صاحبہ " " ۶/۲

تحریک جدید کے وعدے ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۴۸ء تک پورے کرنیوالوں کی فہرست

(۲)

الحمد للہ کہ احباب کرام نے تحریک جدید کے وعدے ۳۱ مارچ تک ادا کرنے کی کوشش کی ہے۔ اللہ تعالےٰ ان کو جزائے خیر دے۔ بعض باوجود کوشش کے وقت پر ادا نہیں کر سکے انہیں اب اپنی کوشش کی باگ کو ڈھیلا نہیں چھوڑنا چاہیئے۔ بلکہ وہ اس وقت تک آرام اور چین کا سانس نہ لیں جب تک اپنے اس نیک ارادے میں کامیاب نہ ہو جائیں۔ اور کوشش کر کے جلد سے جلد ادا کریں۔ جو احباب ان ایام میں بھی ادا نہ کر سکیں۔ وہ آج سے ہی ایسا ماحول پیدا کرتے جائیں۔ کہ ان کا وعدہ ۳۱ مئی ۱۹۴۸ء تک پورا ہو جائے۔ بلکہ وہ احباب جن کا وعدہ گذشتہ کسی ماہ میں ادا کرنے کا تھا۔ وہ اس ماہ میں ہی ادا کرنے کی کوشش کریں۔ جن کا وعدہ مئی جون یا جولائی اگست کا ہے یا دوران سال میں دینے کا ہے۔ انہیں یہ کوشش کرنی چاہیئے کہ ۳۱ مئی تک ادا کریں۔ کیونکہ ۳۱ مئی کی تاریخ سابقون کی دوسری صف ہے۔ اس تاریخ تحریک جدید کے اس سال کے چھ ماہ بھی پورے ہو جاتے ہیں۔ پس زیادہ سے زیادہ ۳۱ مئی تک اپنے وعدے پورے کرنے کی جدوجہد کریں۔ (وکیل المال)

- عصمت اللہ صاحب والد ڈاکٹر محمد اشرف صاحب لاہور ۵/۸
- شیخ لطیف الرحمٰن صاحب ۷ اگارڈ روڈ لاہور ۵۵/-
- اہلیہ صاحبہ " ۲۰/-
- ڈاکٹر عمر الدین صاحب ایم۔ بی۔ بی۔ ایس ۱۶۰/-
- عبد الواحد صاحب S.W.P آف شملہ ۸۰/-
- سید محمد حسین شاہ صاحب دفتر چیف انجینئر محکمہ نہر پنجاب لاہور ۱۱۰/-
- شیخ سراج الحق صاحب آف خوشاب حال لاہور ۷۳/-
